

# پاکستان کی ترقی
# ہماری خوشحالی کی ضامن ہے

**ممتاز صنعتکار جناب ڈاکٹر ریاض احمد (چیف ایگزیکٹو شاروق فارما)**

## کا خصوصی پیغام

اللہ پاک نے نہ صرف ہمیں بلکہ دنیا بھر میں امن وسکون کے متلاشی لوگوں کے لئے پاکستان کی صورت میں ایک عظیم تحفہ دیا اور یہ ایسی سرزمین ہے کہ جہاں پر خوبصورت اور دل بہار موسموں کے ساتھ ساتھ اولیاء کرام کے مزارعات بھی موجود ہیں جہاں پر سال بھر اُمت مسلمہ کے لوگوں کی بڑی تعداد میں آمدروفت کا سلسلہ جاری رہتا ہے اس کے علاوہ دنیا کے دیگر مذاہب مثال کے طور پر ہندو وسکھ برادری اور بدھ ازم کے مذہبی قائدین کی عبادت گاہیں بھی موجود ہیں جہاں پر سال بھر ان مذاہب سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی آمدروفت کا سلسلہ کار بھی جاری رہتا ہے اس سلسلے میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ اللہ پاک نے ہمیں ایک ایسا خوبصورت خطہ عطا فرمایا ہے کہ جس کا چپہ چپہ قدرتی حسن کا شاہکار رہے اس سلسلے میں صرف اور صرف ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم نیک نیتی کے ساتھ اپنے اس پیارے وطن پاکستان کی تعمیر وترقی کے لئے کام کریں اور یہ بات ذہین نشین کرلیں کہ اس کی ترقی سے ہماری خوشحالی وابستہ ہے اس سلسلے میں پاکستان ٹورازم پروموشن کونسل کی جانب سے ملک میں سیاحت کی ترقی کے سلسلہ میں پاکستان ٹورازم ڈائریکٹری شائع کرنے کا فیصلہ قابل تحسین ہیں اور یہ ڈائریکٹری ملک میں سیاحت کی ترقی میں فعال کردار ادا کرے گی۔

(جناب ڈاکٹر ریاض احمد تحریک پاکستان کے ایک ممتاز گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں اور اس گھرانے نے بانی پاکستان قائداعظم کی قیادت میں تحریک پاکستان اور بعدازاں تعمیر پاکستان میں قابل قدر کردار ادا کیا اس سلسلہ کار کو جاری رکھنے کیلئے جناب ڈاکٹر ریاض احمد نے اپنی زندگی انسانیت کی خدمت کیلئے وقف کر ڈالی اور اس مقصد کی تکمیل ملک میں صحت مند معاشرہ کو فروغ دینے کی غرض سے (شاروق فارما) ایک میڈیسن فیکٹری قائم کی اور یہ ملک بھر کے لوگوں کی خدمات میں مصروف عمل ہے)